# سبق ۱۷

# نیک بنو، نیکی پھیلاؤ

## حاصلاتِ تعلّم

اس سبق کی تکمیل کے بعد آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ :

- سنی ہوئی چیزوں کی تفہیم کر کے بتا سکیں۔
- عبارت (نظم) پڑھ کر اس میں موجود معلومات اور تصورات اخذ کر سکیں۔
- متن (نظم) پڑھ کر سوالات کے جوابات تحریر کر سکیں۔
- نظم کو نثر میں تبدیل کر سکیں۔
- جملوں کو زمانہ ماضی، حال اور مستقبل کے لحاظ سے تبدیل کر سکیں۔
- اسم صفت کی پہچان کر سکیں اور استعمال کر سکیں۔
- علامتِ فاعل ''نے'' اور علامتِ مفعول ''کو'' کا صحیح استعمال کر سکیں۔
- داخلہ فارم پُر کر سکیں۔
- ماحول اور معاشرے سے متعلق مسائل کے بارے میں اپنا نقطۂ نظر پیش کر سکیں۔

## سوچیں اور بتائیں

- اچھی عادات کون سی ہوتی ہیں؟ اچھی عادات اپنانے سے کیا فائدہ ہوتا ہے؟
- تن درست اور چاق چوبند رہنے کے لیے کن باتوں پر عمل کرنا چاہیے؟

## کیا آپ جانتے ہیں؟

- پڑھائی اور کھیل دونوں متوازن زندگی گزارنے کے لیے ضروری ہیں۔ کھیل کے وقت کھیلنا اور پڑھائی کے وقت پڑھنا چاہیے۔
- تعلیم ہمیں عقل، شعور اور تمیز سکھاتی ہے۔ جب کہ کھیل ہمیں چُست، ہوشیار اور نظم وضبط کا پابند بناتے ہیں۔

برائے اساتذہ کرام

تدریسی عمل کو مؤثر بنانے کے لیے سبق کے ''حاصلاتِ تعلّم'' دیے جا رہے ہیں، جو اساتذہ کرام کے لیے معاون ثابت ہوں گے۔ سبق کا متن پڑھانے سے قبل ''سوچیں اور بتائیں'' کے سوالات بچوں سے پوچھیں تاکہ وہ پڑھنے کے لیے ذہنی طور پر تیار ہو سکیں۔ ''ٹھہریں اور بتائیں'' کے سوالات متن پڑھانے کے دوران میں بچوں سے پوچھیں۔ ''کیا آپ جانتے ہیں؟'' میں دی ہوئی معلومات بھی بچوں کو موقع محل کے مطابق دی جائیں۔

تلفّظ سیکھیں

# نیک بنو، نیکی پھیلاؤ

| رِلیس | سُتھرائی | رَغبَت | اپاہج |
|---|---|---|---|

سچ بولو، سچے کہلاؤ  سچ کی سب کو رِلیس دلاؤ
جب اوروں کو راہ بتاؤ  خود رستے پر تم آ جاؤ
قوم کو اچھے کام دکھاؤ
نیک بنو، نیکی پھیلاؤ

ہو گی تم میں گر سُتھرائی  سب سیکھیں گے تم سے صفائی
ہمسائے کی دیکھ بھلائی  چھوڑیں ہمسائے کی بُرائی
قوم کو اچھے کام دکھاؤ
نیک بنو، نیکی پھیلاؤ

جو پڑھنے میں کرتے ہیں محنت  سیکھتی ہے شوق ان سے جماعت
ہوتی ہے جن کو کھیل کی عادت  دیتے ہیں سب کو کھیل کی رَغبت
قوم کو اچھے کام دکھاؤ
نیک بنو، نیکی پھیلاؤ

محنت کر کے جو ہیں کماتے  سب کو محنت وہ ہیں سکھاتے
جو نہیں ہاتھ اور پاؤں ہلاتے  سب کو اپاہج وہ ہیں بناتے
قوم کو اچھے کام دکھاؤ
نیک بنو، نیکی پھیلاؤ

(خواجہ الطاف حسین حالؔی)

## ٹھہریں اور بتائیں

- جو سچ نہیں بولتا، اس کی عزّت کیوں نہیں کی جاتی؟
- دوسروں کو اچھی باتوں پر عمل کرنے کی نصیحت کرنے سے پہلے ہمیں خود کیا کرنا چاہیے؟

برائے اساتذہ کرام

نظم کو درست تلفظ، لے اور آہنگ سے پڑھوائیں۔ اشعار کا مفہوم بتائیں۔ اچھی عادات اپنانے کی ترغیب دیں۔

## ہم نے سیکھا

- ہمیں اچھی عادات اپنانی چاہئیں۔
- ہمیں نیکی کے راستے پر چلنا چاہیے۔
- نیکی کی بات دوسروں تک پہنچانی چاہیے۔

# مشق

## نئے الفاظ

ا۔ دیے ہوئے الفاظ کے معانی سمجھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| رِیس | برابری، نقل | سُتھرائی | صفائی |
| ہمسائے | پڑوسی، قریب رہنے والے | رَغبت | خواہش، آرزو |
| اپاہج | معذور | کمانا | رزق یا روپیا حاصل کرنا |

## آپ نے کیا سمجھا؟

۲۔ کالم (الف) میں دیے ہوئے حروف کی ترتیب درست کر کے الفاظ بنائیں اور ان الفاظ سے متعلقہ مصرعے سامنے دی ہوئی جگہ میں لکھیں۔

| حروف | الفاظ | مصرعے |
|---|---|---|
| س۔ی۔ر | | |
| م۔ن۔ح۔ت | | |
| ت۔ا۔د۔ع | | |
| ا۔ج۔ت۔م۔ع | | |
| ا۔ج۔پ۔ا۔ہ | | |

برائے اساتذہ کرام: سوال نمبر ا میں دیے ہوئے الفاظ کے مفہوم کی وضاحت کے لیے بچوں سے ان الفاظ کے جملے بنوائیں۔ سوال نمبر ۲ میں دیے ہوئے حروف کی ترتیب درست کروا کر الفاظ بنوائیں بعد ازاں ان سے متعلقہ مصرعوں کی شناخت کروائیں۔

۳۔ کالم: الف کو کالم: ب سے ملائیں۔

| کالم: الف | کالم: ب |
| --- | --- |
| جب اوروں کو راہ بتاؤ | سب کو اپاہج وہ ہیں بناتے |
| قوم کو اچھے کام دکھاؤ | سب کو محنت وہ ہیں سکھاتے |
| جو نہیں ہاتھ اور پاؤں ہلاتے | نیک بنو، نیکی پھیلاؤ |
| محنت کر کے جو ہیں کماتے | سیکھتی ہے شوق ان سے جماعت |
| جو پڑھنے میں کرتے ہیں محنت | خود رستے پر تم آ جاؤ |

۴۔ دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

(الف) مُعاشرے میں نیکی کیسے پھیلائی جا سکتی ہے؟

(ب) ایک محنتی انسان دوسروں کو کس بات کا سبق دیتا ہے؟

(ج) اس نظم میں ہمسایوں کے ساتھ کیسا سلوک کرنے کی بات کی گئی ہے؟

(د) ایک طالب علم کیسے دوسروں کے لیے مثال قائم کر سکتا ہے؟

(ہ) سچ بولنے کی اہمیت کے بارے میں پانچ جملے لکھیں۔

## مِل کر کریں بات

۵۔ آپس میں بات چیت کریں اور بتائیں کہ اچھی عادات کا مُعاشرے پر کیا اثر ہوتا ہے؟

برائے اساتذہ کرام: سوال نمبر ۵ کی سرگرمی گروہی انداز میں مکمل کروائیں۔ بچوں کو ہدایت دیں کہ اظہارِ خیال کرتے ہوئے اچھے الفاظ کا استعمال کریں۔ ایسی تجاویز دیں جن کی مدد سے ہم معاشرے میں اچھائی پھیلا سکیں۔

Web version of PCTB Not for Sale

## لفظوں کا کھیل

۶۔ ''سچّا انسان'' ایک مرکب لفظ ہے۔ لفظ سچّا ''اسمِ صفت'' اور لفظ انسان ''اسم موصوف'' ہے۔ ایسے ہی چھے مرکب الفاظ بنائیں۔

(۱) ________ (۲) ________ (۳) ________

(۴) ________ (۵) ________ (۶) ________

## قواعد سیکھیں

۷۔ دیے ہوئے جملوں کو زمانہ ماضی، حال اور مستقبل کے مطابق تبدیل کر کے لکھیں۔

| فعل حال | فعل ماضی | فعل مستقبل |
|---|---|---|
| باورچی کھانا پکاتا ہے۔ | | |
| | ٹھنڈی ہوا چل رہی تھی۔ | |
| | | طوطا چوری کھائے گا۔ |
| شازیہ جھولا جھولتی ہے۔ | | |
| | | بچہ روئے گا۔ |

۸۔ 'نے' (علامتِ فاعل) اور 'کو' (علامتِ مفعول) کا استعمال کرتے ہوئے جملے مکمل کریں۔

- عبد اللہ ______ احمد ______ شاباش دی۔
- بِلّی ______ چوہے ______ پنجہ مارا۔
- بڑے بھائی ______ چھوٹے بھائی ______ بتایا۔
- یاسر ______ حامد ______ ہنسایا۔
- ابّا جان ______ باجی ______ کتاب دی۔

برائے اساتذہ کرام: سوال نمبر ۷ میں فعل ماضی، حال اور مستقبل کے جملوں کی سرگرمی کروانے سے قبل زبانی تینوں زمانوں کے بارے میں بچوں سے پوچھیں۔ تختہ تحریر پر تینوں زمانوں کی ایک ایک مثال لکھیں۔ بعد ازاں سرگرمی مکمل کروائیں۔ سوال نمبر ۸ میں علامتِ فاعل ''نے'' اور علامتِ مفعول ''کو'' کا استعمال کرواتے ہوئے بچوں سے کام مکمل کروائیں۔

## پڑھیں

۹۔ دی ہوئی نظم درست تلفظ، لے اور آہنگ سے پڑھیں اور اس کا مرکزی خیال بتائیں۔

ہاتھ سے محنت کرنے والو! محنت کا دم بھرنے والو!
جینے والو محنت کر کے محنت ہر دم کرنے والو!
قوم کی آنکھ کے تارے ہو تم
اللہ کو بھی پیارے ہو تم
اے مزدُورو اور کِسانو! شمعِ محنت کے پروانو!
تم سے ہے اس ملک کی رونق اپنے آپ کو کم مت جانو
قوم کی آنکھ کے تارے ہو تم
اللہ کو بھی پیارے ہو تم

(عنایت علی خان)

## کچھ نیا لکھیں

۱۰۔ اپنا پسندیدہ شعر کاپی میں لکھیں اور اس کی نثر بنائیں۔

۱۱۔ دوسروں سے میل جول بڑھانے کے لیے آپ کون سی اچھی عادات اپنانا چاہیں گے اور اپنی کن ناپسندیدہ عادات کو بدلنا چاہیں گے؟ دس سے پندرہ جملوں میں لکھیں۔

## آؤ کریں کام

۱۲۔ سکول اور گھر میں آپ کو کن تعلیمی مسائل کا سامنا ہے؟ ایک فہرست تیار کریں اور ان مسائل کے حل کے لیے تجاویز بھی دیں۔

۱۳۔ استاد کی مدد سے اپنے سکول کا داخلہ فارم پُر کریں اور اپنی کاپی میں چسپاں کریں۔

برائے اساتذہ کرام: سوال نمبر ۱۲ کی سرگرمی جوڑیوں میں مکمل کروائیں۔ بچے آپس میں بات چیت کر کے اپنے مسائل اور ان کے ممکنہ حل کے لیے تجاویز دیں۔ بعد ازاں ایک مشترکہ فہرست تیار کر کے سافٹ بورڈ پر لگائیں۔ سوال نمبر ۱۳ کی سرگرمی کے لیے انفرادی طور پر ہر بچے کو سکول کا داخلہ فارم مہیا کریں۔ اس کے بارے میں وضاحت دیں اور داخلہ فارم پُر کرائیں۔

Web version Not for sale